جنرل ہسپتال کے دو مرحوم ملازمین کے ورثا کو 41 لاکھ روپے کی امداد مل گئی

نرس بینش کے والد کو 25لاکھ، اٹینڈنٹ عمران نیامت کی زوجہ کو 16لاکھ روپے کے چیک دیئے گئے

فرائض منصبی کی انجام دہی کے دوران وفات پانیوالوں کو حکومت تنہا نہیں چھوڑتی: پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور16فروری:......پنجاب حکومت کی طرف سے لاہور جنرل ہسپتال میں ملازمت کے دوران وفات پا جانے والے ملازمین کے لئے امدادی رقوم فراہم کر دی گئیں اور اس سلسلے میں 41لاکھ روپے کی گرانٹ موصول ہوئی تھی جسے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے گریڈ 16 کی سٹاف نرس (مرحومہ) بینش کے والد سردار محمد کے لئے 25لاکھ روپے اور وارڈ اٹینڈنٹ عمران نیامت کی زوجہ سمیرا عمران کے لئے 16لاکھ روپے کے چیک جاری کر دیے ہیں۔یہ امر قابل ذکر ہے کہ سٹاف نرس بینش سردار کی جنرل ہسپتال میں 2 سال کی سروس تھی جبکہ وارڈ اٹینڈنٹ عمران نیامت نے ابھی صرف 6مہینے ہی کام کیا تھا کہ دوران ملازمت اُن کا انتقال ہو گیا البتہ یہ دونوں ریگولر ملازمین تھے جنہیں حکومت کی طرف سے امدادی رقوم فراہم کر دی گئی ہیں۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ اور امیر الدین میڈیکل کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ یہ انتہائی خوش آئند امر ہے کہ پنجاب حکومت ملازمت کے دوران وفات پا جانے والے ملازمین کے اہل خانہ کو بے یارو مددگار نہیں چھوڑتی اور معقول مالی امداد کے علاوہ دیگر مراعات بھی قانون کے مطابق ادا کر دی جاتی ہیں جو ایک بہت بڑی انسانی خدمت ہے۔پروفیسر سردار محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ زندگی اور موت اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے تاہم ملازمین کا بھی یہ فرض منصبی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں دیانتداری اور دلجمعی کے ساتھ ادا کریں۔ہسپتال ریکارڈ کے مطابق چارج نرس مرحومہ بینش سردار 23 مئی 2017 کو پنجاب پبلک سروس کمیشن سے منتخب ہوئیں تھیں اور 23 مئی 2019 کو وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں جبکہ عمران نیامت 17اے کے تحت 26مارچ 2020 کو بھرتی ہوئے اور 3 ستمبر 2020 کو دنیا سے رخصت ہو گئے۔ان دونوں مرحوم ملازمین کے لواحقین نے اس مالی امداد پر پنجاب حکومت اور لاہور جنرل ہسپتال کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے مشکل کی اس گھڑی میں ان کی مالی معاونت کی ہے۔